اسلامک کوئز سیریز




# محبت رسول ﷺ کوئز



**1-4** پہلی تا چوتھی جماعت

محمد عثمان عارف

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# پیش لفظ

ہر اسکول کا مشن ہوتا ہے کہ ان کے فارغ التحصیل طلباء دنیا کے چیلینجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت حاصل کریں۔ حالیہ پرفتن دور میں تو اسکی ضرورت دو چند ہو چکی ہے کہ ہر بچہ/بچی دینی و دنیاوی ہر لحاظ سے نئے نئے فتنوں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اس صلاحیت کو اجاگر کرنے کا ایک آسان اور دلچسپ طریقہ سوال و جواب کے ذریعے اہم معلومات بہم پہنچانا ہے۔

زیر نظر کتابچہ اسی اسلوب اور مقصد کو مدنظر رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ امید ہے کہ یہ کوشش طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخش کر انہیں فتنوں کا سامنا کرنے کے قابل بنائے گی۔


ٹائیٹل ڈیزائننگ : ............ محمد صفت الٰہی

ڈیزائننگ : ............ محمد احمد/حسان عزیز

پروف ریڈنگ : ............ ام احسن

اشاعت : ............ چہارم

ناشر : ............ اساس انسٹیٹیوٹ

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست مضامین

محبت رسول ﷺ کوئز

پہلی تا چوتھی جماعت

| موضوع | 01 | محبتِ رسول ﷺ | 05 |
|---|---|---|---|

کلاس 1 ........ 06

کلاس 2 ........ 09

کلاس 3 ........ 13

کلاس 4 ........ 17

کلاس

01

# محبتِ رسول ﷺ

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن

2-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ابتدائی زندگی کی مشکلات

3-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کی ترجیحات

4-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنی امت سے محبت

کلاس

01

# محبتِ رسول ﷺ

## مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر 01** | ہم کون ہیں؟

**جواب:** مسلمان۔

۞ **سوال نمبر 02** | مسلمان کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** دین اسلام کے ماننے والے کو مسلمان کہتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 03** | ہمارا مذہب کیا ہے؟

**جواب:** اسلام۔

۞ **سوال نمبر 04** | اسلام کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** ان تمام باتوں کو ماننا جو اللہ اور اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتائی ہیں۔

۞ **سوال نمبر 05** | اسلام کے بڑے عقائد کتنے ہیں؟

**جواب:** تین۔

۞ **سوال نمبر 06** | اسلام کے چند بڑے عقائد کون کونسے ہیں

**جواب:** **01** | توحید **02** | رسالت **03** | آخرت

۞ **سوال نمبر 07** | توحید کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ کو ایک ماننا۔

۞ **سوال نمبر 08** | جو انسان اللہ کو نہیں مانتا اسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** کافر۔

۞ **سوال نمبر 09** | جو انسان اللہ کے علاوہ کسی اور کی عبادت کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** مشرک۔

۞ **سوال نمبر 10** | جو انسان اللہ کے علاوہ کسی اور سے مدد مانگے اسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** اسے بھی مشرک کہتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 11** | رسول کون ہوتا ہے؟

**جواب:** جن کو اللہ تعالیٰ انسانوں کی رہنمائی کے لیے بھیجتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 12** | رسول کیا کام کرتے تھے؟

**جواب:** اللہ پاک کا پیغام پہنچانے کا۔

۞ **سوال نمبر 13** | جو رسولوں کو نہ مانے اسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب:** کافر۔

۞ **سوال نمبر 14** | دنیا کے پہلے رسول کون تھے؟

**جواب:** حضرت آدم علیہ السلام۔

۞ **سوال نمبر 15** | دنیا میں کل کتنے نبی و رسول تشریف لائے؟

**جواب:** تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار۔

۞ **سوال نمبر 16** | دنیا میں سب سے آخری پیدا ہونے والے رسول کون ہیں؟

**جواب:** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۞ **سوال نمبر 17** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں پیدا ہوئے؟

**جواب:** مکہ مکرمہ۔

۞ **سوال نمبر 18** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام مبارک کیا ہے؟

**جواب:** محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۞ **سوال نمبر 19 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا نام کیا ہے؟

**جواب:** حضرت عبداللہ۔

۞ **سوال نمبر 20 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ محترمہ کا نام کیا ہے؟

**جواب:** حضرت آمنہ۔

۞ **سوال نمبر 21 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد محترم کب فوت ہوئے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد آپکی پیدائش سے چند ماہ پہلے فوت ہوئے۔

۞ **سوال نمبر 22 |** آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی والدہ کب فوت ہوئیں؟

**جواب:** جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر چھ سال تھی۔

۞ **سوال نمبر 23 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا کا کیا نام ہے؟

**جواب:** عبدالمطلب۔

۞ **سوال نمبر 24 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا کب فوت ہوئے؟

**جواب:** جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک آٹھ سال تھی۔

۞ **سوال نمبر 25 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کا کیا نام ہے؟

**جواب:** ابوطالب۔

۞ **سوال نمبر 26 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا کب فوت ہوئے؟

**جواب:** نبوت کے دسویں سال۔

کلاس

02

# محبتِ رسول ﷺ

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن

2- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ابتدائی زندگی کی مشکلات

3- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کی ترجیحات

4- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنی امت سے محبت

# کلاس 02

# محبتِ رسول ﷺ

## مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر 01 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دایہ کا نام کیا ہے؟

**جواب:** حضرت حلیمہ سعدیہ۔

۞ **سوال نمبر 02 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دایہ کس گاؤں کی رہنے والی تھیں؟

**جواب:** طائف کی رہنے والی تھیں۔

۞ **سوال نمبر 03 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بچپن میں کیا کام کرتے تھے؟

**جواب:** بکریاں پالا کرتے تھے۔

۞ **سوال نمبر 04 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بچپن میں کتنا عرصہ گاؤں (طائف) میں رہے؟

**جواب:** چار سال۔

۞ **سوال نمبر 05 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مکہ تشریف لائے تو آپ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

**جواب:** چار سال۔

۞ **سوال نمبر 06 |** مکہ کے سب لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کیوں کرتے تھے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اچھے اخلاق اور سچ بولنے کی وجہ سے۔

۞ **سوال نمبر 07 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ کے لوگوں کو کیا باتیں بتاتے تھے؟

**جواب:** سچائی اور امانت داری کرنے کا فرماتے تھے۔

۞ **سوال نمبر 08 |** سچ بولنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالی راضی ہوتے ہیں۔ اور سب لوگ آپ سے محبت کرتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 09 |** جھوٹ بولنے کا کیا نقصان ہوتا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالی ناراض ہوتے ہیں۔ اور سب لوگ جھوٹ بولنے والے سے نفرت کرتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 10 |** امین کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** جو امانت میں خیانت نہ کرے۔

۞ **سوال نمبر 11 |** مکہ کے لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو امین کیوں کہتے تھے؟

**جواب:** کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امانتدار تھے۔

۞ **سوال نمبر 12 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بوڑھے لوگوں کے ساتھ کیسے پیش آتے تھے؟

**جواب:** ادب سے پیش آتے تھے۔

۞ **سوال نمبر 13 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بچوں کے ساتھ کیسے پیش آتے تھے؟

**جواب:** محبت سے پیش آتے تھے۔

۞ **سوال نمبر 14 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غریبوں کے ساتھ کیسے پیش اتے تھے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غریبوں کی مدد فرماتے تھے۔

۞ **سوال نمبر 15 |** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس کی عبادت کرتے تھے؟

**جواب:** ایک اللہ کی۔

۞ **سوال نمبر 16 |** مکہ کے لوگ کس کی عبادت کرتے تھے؟

**جواب:** بتوں کی۔

۞ **سوال نمبر 17 |** بت کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** مٹی اور پتھر سے بنائی جانے والی مورتی کو۔

۞ **سوال نمبر 18 |** مکہ کے لوگ بتوں کی عبادت کیوں کرتے تھے؟

**جواب:** کیونکہ انہوں نے اپنے بڑوں کو بھی یہی کرتے دیکھا تھا۔

۞ **سوال نمبر 19** | مکہ کے لوگ بتوں کی عبادت کیسے کرتے تھے؟

**جواب:** بتوں کو سجدہ کرتے ان سے مدد مانگتے تھے۔

۞ **سوال نمبر 20** | مکہ کے لوگ بتوں کی عبادت کس وقت کرتے تھے؟

**جواب:** صبح و شام۔

۞ **سوال نمبر 21** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بتوں کے بارے میں کیا کہتے تھے؟

**جواب:** بت بے جان ہیں یہ تمھیں نہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

۞ **سوال نمبر 22** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ کے لوگوں کو کیا کہتے تھے؟

**جواب:** بتوں کی عبادت نہ کرو بلکہ صرف ایک اللہ کی عبادت کرو۔

۞ **سوال نمبر 23** | مکہ کے لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات کو کیوں نہیں مانتے تھے؟

**جواب:** کیونکہ وہ اپنے بڑوں کے اس غلط طریقے کو چھوڑنا نہیں چاہتے تھے۔

۞ **سوال نمبر 24** | مکہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے بڑا دشمن کون تھا؟

**جواب:** ابولہب۔

کلاس

# 03

# محبتِ رسول ﷺ

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن

2-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ابتدائی زندگی کی مشکلات

3-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کی ترجیحات

4-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنی امت سے محبت

## کلاس 03

# محبتِ رسول ﷺ

## مختصر سوالات

**سوال نمبر 01** | مکہ کے لوگ ﷺ کو کن القابات سے پکارتے تھے؟

**جواب:** صادق اور امین۔

**سوال نمبر 02** | صادق کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** ہمیشہ سچ بولنے والے انسان کو صادق کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 03** | آپ ﷺ کس ملک میں تجارت کے لئے تشریف لے کر گئے؟

**جواب:** ملک شام۔۔

**سوال نمبر 04** | آپ نے کس چیز کی تجارت کی؟

**جواب:** کپڑے کی۔

**سوال نمبر 05** | آپ ﷺ کو تجارت میں کتنا فائدہ ہوا؟

**جواب:** آپ ﷺ کو سچائی کی وجہ سے بہت فائدہ ہوا۔

**سوال نمبر 06** | آپ ﷺ عبادت کے لئے کہاں تشریف لے جاتے تھے؟

**جواب:** غارحرا۔

**سوال نمبر 07** | غارحرا کہاں ہے؟

**جواب:** مکہ مکرمہ میں۔

۞ **سوال نمبر 08** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنے دن کے لیے عبادت کرنے جاتے تھے؟

**جواب:** کبھی دس دن، بیس دن اور کبھی ایک ماہ کے لیے۔

۞ **سوال نمبر 09** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس عمر میں نبوت ملی؟

**جواب:** چالیس سال کی عمر میں۔

۞ **سوال نمبر 10** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی نبوت کے متعلق سب سے پہلے کس کو بتایا تھا؟

**جواب:** اپنی بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو۔

۞ **سوال نمبر 11** | مکہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب سے اچھے دوست کون تھے؟

**جواب:** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

۞ **سوال نمبر 12** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

**جواب:** قبیلہ قریش سے۔

۞ **سوال نمبر 13** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب نبوت ملی تو سب سے پہلے کس کو دعوت دی؟

**جواب:** حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو۔

۞ **سوال نمبر 14** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پہلی وحی کس جگہ نازل ہوئی؟

**جواب:** غار حرا میں۔

۞ **سوال نمبر 15** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک اللہ کا پیغام کس نے پہنچایا؟

**جواب:** حضرت جبرائیل علیہ السلام نے۔

۞ **سوال نمبر 16** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کونسی کتاب نازل ہوئی؟

**جواب:** قرآن پاک۔

۞ **سوال نمبر 17** | قرآن پاک کے کتنے پارے ہیں؟

**جواب:** تیس پارے۔

۞ **سوال نمبر 18** | قرآن کی حفاظت کا ذمہ کس نے لیا؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے۔

**سوال نمبر 19** | آخری آسمانی کتاب کونسی ہے؟

**جواب:** قرآن پاک۔

**سوال نمبر 20** | قرآن پاک پڑھنے سے کیا ملتا ہے؟

**جواب:** اللہ تعالی کی طرف سے ہدایت اور ثواب۔

کلاس

# 04

# محبتِ رسول ﷺ

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بچپن

2-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ابتدائی زندگی کی مشکلات

3-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کی ترجیحات

4-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اپنی امت سے محبت

کلاس

# 04

# محبتِ رسول ﷺ

## مختصر سوالات

۞ **سوال نمبر 01** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے سال خفیہ تبلیغ کی؟

**جواب:** تین سال۔

۞ **سوال نمبر 02** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلانیہ تبلیغ کا آغاز کس خاندان سے کیا؟

**جواب:** اپنے خاندان سے۔

۞ **سوال نمبر 03** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبلیغ کا آغاز کیسے کیا؟

**جواب:** اپنے رشتہ داروں کو کھانے پہ بلایا اور اسلام کی دعوت دی۔

۞ **سوال نمبر 04** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے پہلے مخالفت کس نے کی؟

**جواب:** ابولہب نے۔

۞ **سوال نمبر 05** | ابولہب کون تھا؟

**جواب:** مکہ کا ایک سردار اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چچا تھا۔

۞ **سوال نمبر 06** | ابولہب کا انجام کیا ہوا؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے اتنی بری موت دی کہ اس کی لاش کے قریب بھی کوئی نہیں جاتا تھا۔

۞ **سوال نمبر 07** | ابولہب کے خلاف قرآن پاک کی کونسی سورۃ نازل ہوئی؟

**جواب:** سورہ لہب۔

۞ **سوال نمبر 08** | ابولہب کی بیوی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس طرح تکالیف پہنچاتی تھی؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راستے میں کانٹے بچھا کر۔

۞ **سوال نمبر 09** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے کس پہاڑ پہ چڑھ کر دعوت اسلام دی؟

**جواب:** کوہ صفاء۔

۞ **سوال نمبر 10** | اس دعوت کو سن کر ابولہب نے کیا حرکت کی؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتھر مارا۔

۞ **سوال نمبر 11** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس کس طرح تکالیف دی گئیں؟

**جواب:** **01** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زخمی کیا گیا۔

**02** | برے القابات سے پکارا گیا۔

**03** | آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک پہ اونٹ کی اوجھری رکھی گئی۔

۞ **سوال نمبر 12** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ تکالیف کیوں دی گئیں؟

**جواب:** اسلام کی دعوت دینے کی وجہ سے۔

۞ **سوال نمبر 13** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلا تبلیغ کا دعوتی سفر کس وادی کی طرف کیا؟

**جواب:** وادی طائف۔

۞ **سوال نمبر 14** | وادی طائف میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنے دن رہے؟

**جواب:** دس دن۔

۞ **سوال نمبر 15** | وادی طائف میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے سرداروں سے ملاقات کی؟

**جواب:** تین سرداروں کو۔

۞ **سوال نمبر 16** | وادی طائف کے سرداروں نے آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی دعوت اسلام کا کیا جواب دیا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بات ماننے سے انکار کر دیا۔

۞ **سوال نمبر 17** | وادی طائف کے سرداروں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

**جواب:** طائف کے شرارتی لڑکوں کو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پیچھے لگا دیا تا کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتھر ماریں۔

۞ **سوال نمبر 18** | طائف والوں کے برے سلوک کے بدلے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا کیا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بد دعا کے بجائے دعا دی۔

۞ **سوال نمبر 19** | وادی طائف کے سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کون تھا؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادم حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ۔

۞ **سوال نمبر 20** | حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کون تھے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ بولے بیٹے۔

۞ **سوال نمبر 21** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سب تکالیف کس کے لیے برداشت کیں؟

**جواب:** اپنی امت کے لیے۔

۞ **سوال نمبر 22** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے زیادہ محبت کس سے تھی؟

**جواب:** اپنی امت سے۔

۞ **سوال نمبر 23** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راتوں کو کس کے لیے روتے تھے؟

**جواب:** اپنی امت کے لیے۔

۞ **سوال نمبر 24** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راتوں کو کس کے لیے جاگتے تھے؟

**جواب:** اپنی امت کے لیے۔

۞ **سوال نمبر 25** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم راتوں کو کس کے لئے بخشش مانگتے تھے؟

**جواب:** اپنی امت کی۔

۞ **سوال نمبر 26** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر وقت کس کے لیے پریشان رہتے تھے؟

**جواب:** اپنی امت کے لیے۔

۞ **سوال نمبر 27** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کے لیے بھوک برداشت کی؟

**جواب:** اپنی امت کے لیے۔

۞ **سوال نمبر 28** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس کے لیے لمبی لمبی دعائیں مانگا کرتے تھے؟

**جواب:** اپنی امت کے لیے۔

۞ **سوال نمبر 29** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زندگی کا سب سے زیادہ وقت کس کی فکر میں گزارا؟

**جواب:** اپنی امت کی فکر میں گزارہ۔

۞ **سوال نمبر 30** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وفات کے وقت بھی کس کی فکر تھی؟

**جواب:** اپنی امت کی فکر تھی۔

۞ **سوال نمبر 31** | قیامت کے دن کونسا رشتہ ہمیں بچا سکتا ہے والد، والدہ، بہن، بھائی یا دوست؟

**جواب:** جی نہیں کوئی بھی نہیں بچائے گا۔

۞ **سوال نمبر 32** | قیامت کے دن والد، والدہ، بہن، بھائی یا دوست ہمیں کیوں نہیں بچائیں گے؟

**جواب:** کیونکہ قیامت کا دن بہت سخت ہوگا اور سب کو اپنی اپنی فکر ہوگی۔

۞ **سوال نمبر 33** | قیامت کا دن کیسا ہوگا؟

**جواب:** قیامت کا دن بڑا سخت اور خوفناک ہوگا۔

۞ **سوال نمبر 34** | قیامت کب آئے گی؟

**جواب:** جب دنیا میں کوئی بھی مسلمان نہیں ہوگا تو قیامت اجائے گی۔

۞ **سوال نمبر 35** | قیامت کے دن کس ہستی کو ہماری فکر ہوگی؟

**جواب:** قیامت کے دن بھی صرف ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ہماری فکر ہوگی۔

۞ **سوال نمبر 36** | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کے دن اپنی امت کے لیے کیا کریں گے؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کے دن اپنی امت کے گناہ گاروں کو بخشوانے کی اور شفاعت کی کوشش کرینگے۔

**حوالہ جات:**

موضوع | محبتِ رسول ﷺ

سیرت کورس | مفتی مصطفیٰ عزیز صاحب

# LESSON PLAN FOR GRADE 1

Total questions = 26

Distribution for **1st Term** (week 1 to 10 = 2.5 months)

Total # of days / periods per week = 1 (30 minutes)

| WEEK 1 | WEEK 2 | WEEK3 | WEEK 4 | WEEK 5 |
|---|---|---|---|---|
| Q # 1 to 5 | Q # 6 to 10 | Quiz from Q # 1 to 10 | Q # 11 to 15 | Q # 16 to 20 |
| **WEEK 6** | **WEEK 7** | **WEEK 8** | **WEEK 9** | **WEEK 10** |
| Quiz from Q # 11 to 20 | Q # 21 to 26 | Quiz from Q # 1 to 14 | Quiz from Q # 15 to 26 | Quiz from Q# 1 to 26 |

Note : For 2nd term – same distribution may be followed.

# LESSON PLAN FOR GRADE 2

Total questions = 24

Distribution for **1st Term** (week 1 to 10 = 2.5 months)

Total # of days / periods per week = 1 (30 minutes)

| WEEK 1 | WEEK 2 | WEEK3 | WEEK 4 | WEEK 5 |
|---|---|---|---|---|
| Q # 1 to 5 | Q # 6 to 10 | Quiz from Q # 1 to 10 | Q # 11 to 15 | Q # 16 to 20 |
| **WEEK 6** | **WEEK 7** | **WEEK 8** | **WEEK 9** | **WEEK 10** |
| Quiz from Q # 11 to 20 | Q # 21 to 24 | Quiz from Q # 1 to 12 | Quiz from Q # 13 to 24 | Quiz from Q # 1 to 24 |

Note : For 2nd term – same distribution may be followed.

# LESSON PLAN FOR GRADE 3

Total questions = 20

Distribution for **1st Term** (week 1 to 10 = 2.5 months)

Total # of days / periods per week = 1 (30 minutes)

| WEEK 1 | WEEK 2 | WEEK3 | WEEK 4 | WEEK 5 |
|---|---|---|---|---|
| Q # 1 to 5 | Q # 6 to 10 | Revision of Q # 1 to 10 | Quiz from Q # 1 to 10 | Q # 11 to 15 |
| **WEEK 6** | **WEEK 7** | **WEEK 8** | **WEEK 9** | **WEEK 10** |
| Q # 16 to 20 | Revision of Q # 11 to 20 | Quiz from Q # 11 to 20 | Revision of Q # 1 to 20 | Quiz from Q # 1 to 20 |

Note : For 2nd term – same distribution may be followed.

# LESSON PLAN FOR GRADE 4

Total questions = 36

Distribution for **1st Term** (week 1 to 10 = 2.5 months)

Total # of days / periods per week = 1 (30 minutes)

| WEEK 1 | WEEK 2 | WEEK3 | WEEK 4 | WEEK 5 |
|---|---|---|---|---|
| Q # 1 to 6 | Q # 7 to 12 | Revision of Q # 1 to 12 | Quiz from Q # 1 to 12 | Q # 13 to 18 |
| **WEEK 6** | **WEEK 7** | **WEEK 8** | **WEEK 9** | **WEEK 10** |
| Revision of Q # 7 to 18 | Quiz of Q # 7 to 18 | Revision of Q # 1 to 9 | Revision of Q # 10 to 18 | Quiz from Q # 1 to 18 |

Distribution for **2nd Term** (week 1 to 10 = 2.5 months)

Total # of days / periods per week = 1 (30 minutes)

| WEEK 1 | WEEK 2 | WEEK3 | WEEK 4 | WEEK 5 |
|---|---|---|---|---|
| Q # 19 to 24 | Q # 25 to 30 | Revision of Q # 19 to 30 | Quiz from Q # 19 to 30 | Q # 31 to 36 |
| **WEEK 6** | **WEEK 7** | **WEEK 8** | **WEEK 9** | **WEEK 10** |
| Revision of Q # 25 to 36 | Quiz of Q # 25 to 36 | Revision of Q # 19 to 27 | Revision of Q # 28 to 36 | Quiz from Q # 19 to 36 |